★ قارئین علمی تعاون فرمائیں | حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب بالاکوٹی رحمہ اللہ تعالیٰ نے زندگی کا طویل عرصہ جامع مسجد انارکلی لاہور میں گذارا۔ اس کے ساتھ ہی وہ ہر قومی اور ملی تحریک میں مردانہ وار شریک رہے۔ ہر قسم کے مستحق دینی طلبہ کی تعلیم اور معاشی کفالت میں بھی انہوں نے بھرپور کردار ادا کیا۔ مولانا مرحوم نے ۱۱ر فروری ۱۹۸۲ر کو وفات پائی۔ ہماری خواہش ہے کہ ان کی زندگی کے متعلق آپ جو کچھ جانتے ہیں از راہِ نوازش اس سے تحریرًا مطلع فرمائیے۔ تاکہ ان کی حیات مستعار کے شب و روز کی داستان مرتب ہو سکے۔

میاں عبدالرحمٰن فرزند مولانا مرحوم۔ جامع مسجد نیو انارکلی گلی ع۶۱ا۔ لاہور

★ علم کے بارہ میں آپ کی پر مغز تقریر پڑھنے کو ملی لطف آگیا۔ اس تقریر میں امریکی خلاباز اسلام کے واقعہ کا ذکر ہے یہ واقعہ جہاں سے اخذ کیا گیا ہے براہ کرم اس سے مطلع فرمائیں (محمد دین شعبۂ اسلامیات پشاور یونیورسٹی)

الحق:۔ یہ واقعہ انڈیا کے مشہور مجلہ معارف اعظم گڑھ یوپی کے مدیر جناب صباح الدین عبدالرحمان نے معارف کے اداریہ میں نقل کیا ہے۔ مزید تحقیق کے لئے ان سے مراجعت فرمائی جائے۔

★ اہل بدعت کی دبئی ایرپورٹ سے واپسی ہوئی۔ الحمدللہ ہماری جماعت رجسٹرڈ ہوگئی ہے اہل بدعت کے ترجمہ پر پابندی کی خبر بھی آپ کو ہو چکی ہوگی۔ ہم تعاقب اور مسلک اہل سنت کی اشاعت میں مصروف ہیں۔

اشتیاق حسین عثمانی جمعیۃ اہلسنت والجماعت۔ ابوظہبی

★ ایران دوسرا اسرائیل اور اسرائیل سابق کا چہیتا فرزند ہونے کے علاوہ روس کا غلام ہے روس اور ایران کے لئے بلوچستان مانگنے کے درپے ہے۔ آپ حضرات کا بہت ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے (مولانا محمد اسحاق سندیلوی کراچی)

★ ماہنامہ الحق ہمارے اخوت دینیہ کا دوبارہ جوڑنے کا ایک سنہری موقع فراہم کر رہا ہے۔ ہمارے ہاں وفاق المدارس بنگلہ دیش نے مدارس کے ربط و نظم جوش و خروش سے شروع کر دیا ہے۔

(محمد عبدالجبار، دفتر وفاق المدارس۔ فرید آباد ڈھاکہ۔ بنگلہ دیش)

★ ۱۰ر مارچ ۸۲ء کے مشرق اخبار میں امین احسن اصلاحی کا رجم کے بارہ میں مضمون دل آزار ہے حضرت ماعزؓ جیسے صحابی کے بارہ میں ان کا نظریہ نہایت افسوسناک اور دشمنان صحابہ کو موقع کرتا ہے۔ (قاضی عبدالسلام شمس خان دیر)

★ کتاب سیرت سید المرسلین کے بارہ میں صدر پاکستان کے جواب میں آپ کا جواب با صواب نظر سے گذرا۔ جزاکم اللہ۔ جناب نے حقیقت میں مسلک حقہ کا حق ادا کیا ہے۔ عبدالمجید کھروڑپکا۔ ملتان

★ الحق علمی مضامین کے اعتبار سے الحمدللہ ملک کا واحد پرچہ ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو مزید ترقی عطا فرمائیں۔

(مولانا عبدالشکور کشمیری نعمان پورہ۔ آزاد کشمیر)

★ الحق موصول ہوتے ہی دل خوشی سے جھوم اٹھتا ہے۔ انجمن طلبہ مدرسۃ الاصلاح آپ کا شکرگذار ہے۔

محمد انصاری اعظمی مدرسۃ الاصلاح سرائے میر۔ انڈیا